**RR + PR**

# Code No. 66-U

# Subject : Third Language - URDU

## ( Old Syllabus )

## ( Regular Repeater + Private Repeater )

**عام ہدایات :**

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی اور موضوعی قسم کے جملہ 54 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

v) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی۔

vi) کثیر انتخابی (Multiple choice)، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نا اہل سمجھا جائیگا۔

vii) درست اِملا اور خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

viii) سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

ix) بائیں جانب کے حاشیئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔

I. ذیل کے ہر سوال مکمل یا نامکمل بیان کے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ سب سے زیادہ مناسب ترین جواب کا انتخاب کر کے اسکے لئے مہیا کی گئی جگہ پر لکھئے : 15 × 1 = 15

1. حضور اکرمؐ کی تعریف میں لکھی گئی نظم کو کیا کہتے ہیں ؟

A) نعت B) غزل

C) حمد D) مناجات

2. صفدر آہ کے ذہن پر کس کتاب کا اثر باقی رہا ؟

A) ٹیپو سلطان پر لکھی گئی کتاب B) حیدر علی پر لکھی گئی کتاب

C) شہنشاہ اکبر پر لکھی گئی کتاب D) علامہ اقبالؔ پر لکھی گئی کتاب

3. اسد پیراں کی ملاقات مولانا ادیبؔ سے کب ہوئی ؟

A) 1940ء میں B) 1950ء میں

C) 1930ء میں D) 1960ء میں

4. ''روانی دریا'' کس شاعر کی لکھی ہوئی نظم ہے ؟

A) اکبرؔ الہ آبادی B) علامہ اقبالؔ

C) الطاف حُسین حالیؔ D) مرزا غالبؔ

5. بگڑ کر پانی کے منہ میں کیا آتا تھا ؟

A) کف B) خون

C) لہو D) زبان

6. مرزا غالبؔ کا پورا نام کیا ہے ؟

A) نعمت اللہ خاں    B) رحمت اللہ خاں

C) اسداللہ خاں    D) حامداللہ خاں

7. ہمیں کیسے لوگوں کو روکنا چاہیئے ؟

A) صحیح چلنے والے کو    B) غلط چلنے والے کو

C) پیدل چلنے والے کو    D) دوڑنے والے کو

8. شاعر فضل الحسن کا تخلص ہے

A) حسرتؔ    B) حیرتؔ

C) خیریتؔ    D) جدتؔ

9. لفظ ''وحی'' کے معنی ہیں

A) دشمن    B) پیغمبر

C) خدائی پیغام    D) وحدت

10. غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجئے

A) مناجات    B) نعت

C) ہمدردی    D) برتن کا بچہ

11. ''ہر طالبِ علم میں تجربہ اور دلچسپی بڑھتی ہے۔'' اس جملے میں حرف کی نشاندہی کیجئے۔

A) طالبِ علم    B) تجربہ

C) اور    D) دلچسپی

12. وہ کلمہ جس سے کسی کام کا ہونا یا کرنا ظاہر ہو.................. کہلاتا ہے

A) فعل B) حروف

C) لفظ D) کلمہ

13. زمانے کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں ؟

A) 2 B) 3

C) 5 D) 6

14. غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں

A) مطلع B) مقطع

C) تخلص D) مصرعہ

15. غیر متعلق لفظ الگ کرو

A) علامہ اقبالؔ B) نظیرؔ اکبر آبادی

C) سید سلیمان ندوی D) الطاف حُسین حالیؔ

II. خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے : 5 × 1 = 5

16. خرگوش اور.................. کے درمیان شرط لگی۔

17. مولانا شاہ ابوالحسن ادیبؔ پر لکھے گئے خاکے کا نام.................. ہے۔

18. .................. گوئی محض ایک رسمی اور غلط چیز ہے۔

19. یہ خط نہیں آپ کی.................. کی محض رسید ہے۔

20. مصر کے ایک قبرستان کا نام.................. ہے۔

III. 21. حصّہ ''الف'' اور حصّہ ''ب '' کو جوڑ لگائیں اور فراہم کی گئی جگہ پر صحیح جواب لکھئے : 5 × 1 = 5

| ''الف'' | | ''ب'' | |
|---|---|---|---|
| a) | عبدالمطلب | i) | نظیر اکبر آبادی |
| b) | ایک شخص | ii) | پرانا دوست ہے |
| c) | یہ شخص میرا | iii) | غرض دیکھئے اب یہ پانی چلا |
| d) | اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست | iv) | پھولے نہ سمانا |
| e) | جو تھیں دقتیں کہہ چکا برملا | v) | قریش کے سردار تھے |
| | | vi) | قاضی کی عدالت میں آیا |

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 8 × 1 = 8

22. پیغمبر کسے کہتے ہیں ؟

23. بچے کو اچانک کونسی کمی کا احساس ہوا ؟

24. تمکینؔ کاظمی نے کس شاعر کے کلام پر جوش سے رائے لی ؟

25. گواہ کون تھا ؟

26. قاضی کی عدالت میں کیا مقدمہ پیش آیا ؟

27. تیرگی کا مطلب کیا ہے ؟

28. پانی اپنا دامن کہاں جھٹکتا ہے ؟

29. ارض وسماء کا بادشاہ کون ہے ؟

V. درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملے میں لکھئے : 15 × 2 = 30

30. مولانا ادیبؔ کی مشہور کتابوں کے نام لکھئے ؟

31. سیٹھ نے ملا نصیر الدین کو برتن کس شرط پر دیا ؟

32. کچھوے کا ڈیل ڈول کیسا ہوتا ہے ؟

33. خرگوش بازی کیوں ہار گیا ؟

34. اِن الفاظ کے اضداد لکھئے ؟

i) دوست :

ii) سردی :

iii) قابل :

iv) خوشبو :

35. درج ذیل الفاظ کے واحد، جمع لکھئے :

i) بندہ :

ii) موج :

iii) پہاڑ :

iv) چٹانوں :

36. حرف کی تعریف کیجئے۔

37. غفّار اور ستّار سے کیا مراد ہے ؟

38. مناجات میں شاعر نے اللہ تعالیٰ سے کیا دُعا مانگی ہے ؟

39. درج ذیل الفاظ کے مذکر اور مؤنث الگ کر کے لکھئے :

i) زندگی

ii) مذہب

iii) قوم

iv) سمندر

40. آپؐ کی شانِ کریمی دشمنوں کے باب میں کیسے ہوا کرتی تھی ؟

41. تلوک چند محرومؔ کی نظر میں زندہ لوگ کون ہیں ؟

42. فعلِ ماضی کسے کہتے ہیں ؟

43. اگر ہمیں کوئی بُرا کہے تو کیا کرنا چاہیئے ؟

44. شاعرہ پروینؔ شاکر کو ہر ایک زخم کیسا نظر آتا ہے ؟

45. ''خلیل احمد'' یا ''سید سلیمان ندوی'' کا تعارف لکھئے۔ 3

46. ''نظیرؔ اکبر آبادی'' یا ''علامہ اقبالؔ'' کا تعارف لکھئے۔ 3

VI. درج ذیل جملے کس نے کس سے اور کب کہے : 2 × 3 = 6

47. ''ارے کیا بکواس کرتے ہو۔ بھلا برتن بھی کہیں مرتے ہیں۔''

48. ''اے کاش میرے بچے! میں تیرے اس ارمان کو پورا کر سکتی۔''

49. اپنی نصابی کتاب میں شامل نظم ''مناجات'' یا ''ہمدردی'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔ 4

VII. درج ذیل سوالات کے جوابات چار، چھ جملوں میں لکھئے :

50. رسول مقبولؐ کے اخلاق و عادات سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ 4

51. آم نے اپنی تعریف میں کون کونسی باتیں کہیں ؟ 4

52. اپنے والدمحترم کو ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔ 5

**یا**

میر مدرس کے نام ایک عرضی لکھئے جس میں کوئی وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

53. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 5

i) میرا پسندیدہ کھیل

ii) ہمارا ملک ہندوستان

درج ذیل عبارت بغور پڑھ کر نیچے لکھئے ہوئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : $3 \times 1 = 3$

54. اللہ کا دین، دینِ فطرت ہے۔ جو تمام ترعلم کی بنیاد پر قائم ہے۔ اس کے بانی حضرت محمدؐ ہیں۔ قرآن آخری آسمانی کتاب ہے جو حضرت محمدؐ پر نازل ہوئی۔ قرآن مجید سے پہلے دنیا میں مختلف پیغمبروں پر مختلف کتابیں نازل ہوئیں۔ جیسے حضرت موسیٰؑ پر توراۃ، حضرت داؤدؑ پر زبور اور حضرت عیسیٰؑ پر انجیل۔ ہر مسلمان پر یہ لازم ہے کہ وہ اِن تمام آسمانی کتابوں پر ایمان لائے۔ اسلام میں قرآن کے بعد احادیث کی کتابوں کی اہمیت ہے۔

i) اللہ کا دین کس بنیاد پر قائم ہے ؟

ii) قرآن مجید کے علاوہ دوسری آسمانی کتابیں کونسی ہیں ؟

iii) قرآن کے بعد کونسی کتابوں کی اہمیت ہے ؟